فوری ریلیز کے لیے: 2/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا اونونڈاگا کاؤنٹی میں 17$ ملین کے رہائشی ترقیاتی کام کی تکمیل کا اعلان

کیمیلس ہائٹس میں قصبہ کیمیلس کے خاندانوں کے لیے 60 کم قیمت اور توانائی کی کفایت کرنے والے گھر شامل ہیں

یہ سرمایہ کاری " CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتی ہے - جو علاقے کی ایک جامع حکمتِ عملی ہے تاکہ کمیونٹیز کی احیائے نو کی جا سکے اور معیشت کو بڑھایا جا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج اونونڈاگا کاؤنٹی کے قصبے کیمیلس میں 17.2$ ملین کے کم خرچ رہائش گاہوں کے ترقیاتی کام کی تکمیل کا اعلان کیا۔ نیا کمپلیکس خاندان دوست سہولتوں والے 60 کم خرچ اور توانائی کی کفایت کرنے والے گھر پیش کرتا ہے۔ کیمیلس ہائٹس کو رہائشی موقع جاتی پروجیکٹ (Housing Opportunity Project) کے طور پر نامزد کیا گیا ہے، کیونکہ یہ ایک اعلیٰ کارکردگی والے سکول ڈسٹرکٹ کے ساتھ اچھے وسائل والے علاقے میں واقع ہے۔

"میری انتظامیہ ڈاؤن ٹاؤنز کی بحالی اور نیو یارک کے تمام رہائشیوں کے لیے کم خرچ رہائش کی فراہمی میں اضافے پر مسلسل مکمل توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست بھر کی کمیونٹیز کو نئے کم خرچ گھر فراہم کرنے سے، ہم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے سکتے ہیں کہ نیو یاک کے خاندانوں کی ان ذرائع تک رسائی ہے جن کی ان کو آج اور مستقبل میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے۔ کیمیلس جیسے کم خرچ رہائش والے ترقیاتی کام نیو یارک کے رہائشیوں کی کئی نسلوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے اور ان کے لیے ایک زیادہ حسب استطاعت اور محفوظ مستقبل فراہم کرنے کے لیے لازمی ہیں۔"

کیمیلس ہائٹس، رہائش گاہوں کو مزید کم خرچ، مساوی اور مستحکم بنانے کے لیے گورنر Hochul کے وسیع منصوبوں کی تکمیل کرتا ہے۔ گورنر نے 2022-23 کے ریاستی بجٹ میں 25$ بلین کا نیا پانچ سالہ جامع ہاؤسنگ پلان متعارف اور کامیابی کے ساتھ منظور کروایا ہے جس سے نیو یارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھر بنا کر یا محفوظ کر کے رہائش گاہوں کی دستیابی میں اضافہ ہوگا جس میں 10,000 کمزور آبادیوں کے لیے معاون خدمات کے حامل ہوں گے اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں اضافی 50,000 گھروں کے لیے بجلی کی فراہمی بھی شامل ہے۔

اس ترقیاتی منصوبے میں 16 دو منزلہ رہائشی عمارتیں ہیں جن میں کل 60 اپارٹمنٹس اور ایک علیحدہ کمیونٹی بلڈنگ ہے۔ اپارٹمنٹس اس علاقے کی اوسط آمدنی کے 30 سے 80 فیصد یا اس سے کم آمدنی والے گھرانوں کی استطاعت میں ہیں۔ .Christopher Community, Inc ڈویلپر ہیں۔

کیمیلس ہائٹس کو ریاست نیویارک کے محکمۂ تحقیق و ترقئ توانائی (New York State Energy Research and Development Authority) کے کم منزلہ نئی تعمیر پروگرام (Low-Rise New Construction Program) کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اس کے LEED سِلور سرٹیفیکیشن حاصل کر لینے کی توقع ہے۔ توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والی خصوصیات میں شامل ہیں Energy Star کے برقی

آلات، LED لائٹنگ، جگہ کو ٹھنڈا اور گرم کرنے والے اعلیٰ کارکردگی والے آلات، کھڑکیاں، انسولیشن اور ہوا کی آمد و رفت روکنے کے اقدامات۔

کیمیلس ہائٹس، کیمیلس گاؤں سے ایک میل سے کم کی دوری پر ہے جہاں سودا سلف کی دوکان، فارمیسی، بینک، ریستوراں اور خوردہ فروش دوکانیں ہیں۔ اس منصوبے کی سائٹ پر اس کا اپنا بس اسٹاپ کا شیلٹر ہے۔ یہ ترقیاتی منصوبہ ویسٹ جینسی مرکزی اسکول ڈسٹرکٹ کی حدود میں واقع ہے۔

کیمیلس ہائٹس کے لیے ریاست کی سرمایہ کاری میں وفاقی کم آمدنی والے رہائشی ٹیکس کریڈٹس شامل ہیں جن کی جانب سے ایکویٹی میں 11.9$ ملین حاصل ہوئے اور نیویارک سٹیٹ ہومز اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal) کی سبسڈی کی مد میں 3.6$ ملین حاصل ہوئے۔ NYSERDA نے 63,000$ کی معاونت فراہم کی۔ Community Preservation Corporation نے ایک 1.2$ ملین کاSONYMA کا بیمہ شدہ مستقل قرضہ فراہم کیا۔

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنرRuthAnne Visnauskas نے کہا، "کیمیلس ہائٹس 60 خاندانوں کو ایک ایسی کمیونٹی میں کم خرچ پر رہنے کا موقع فراہم کرتی ہے جہاں اعلیٰ کارکردگی والے اسکول اور عوامی ذرائع آمد و رفت، سودا سلف کی دوکانیں اور ریستوراں موجود ہیں۔ توانائی کی کفایت کرنے والی خصوصیات اور تفریح کے لیے مختص جگہ کے ساتھ، یہ ترقیاتی منصوبہ خاندانوں کے رہنے اور ترقی کرنے کے لیے ایک صحت مند اور آرام دہ ماحول فراہم کرتا ہے۔ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنا کر اونونڈاگا کاؤنٹی میں رہائش گاہوں کی دستیابی میں اضافہ کرنے میں ہماری مدد کرنے کے لیے Christopher Community کو مبارک باد۔"

NYSERDA کی صدر اور CEO, Doreen M. Harris نے کہا، "کیمیلس ہائٹس کے منصوبے کی تکمیل کے ساتھ، اونونڈاگا کاؤنٹی کے رہائشیوں کو اب محفوظ، اعلیٰ کارکردگی والی اور حالات کا سامنا کرنے والی کم خرچ رہائش گاہ تک زیادہ بہتر رسائی حاصل ہو گئی ہے جس میں گرمی اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے آلات سے لیے کر جدت کا شاہکار گھریلو آلات سمیت کئی خصوصیات ہیں جو ایک زیادہ صحت مند اور زیادہ آرام دہ رہائشی ماحول فراہم کرتی ہیں۔ یہ اور اس طرح کے دیگر منصوبے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ نیویارک کے تمام باشندے صاف توانائی والی معیشت کی جانب منتقلی سے مستفید ہوں اور گورنر Hochul کے ریاست بھر کی کمیونٹیز میں 2030 تک 2 ملین ماحول دوست گھروں کے حصول کے عزم کی حمایت کرتے ہیں۔"

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "اونونڈاگا کاؤنٹی کا ہر خاندان اور ہر بزرگ شہری محفوظ، کم خرچ رہائش کا حق رکھتا ہے اور مجھے فخر ہے کہ وفاقی کم آمدنی والے رہائشی ٹیکس کریڈٹ، جس کو توسیع دینے کے لیے میں نے سخت جدوجہد کی، نے اس علاقے کو 60 نئے توانائی کے موؤثر استعمال کی قابلیت والے اور کم خرچ گھروں کے ذریعے نئی زندگی دینے کے لیے درکار ملینز میں رقم فراہم کی ہے۔ میں اس ضروری کم خرچ رہائش پر زور رکھنے کے لیے گورنر Hochul کو سراہتا ہوں اور مرکزی نیو یارک میں ایک روشن تر مستقبل کی بنیاد رکھنے کے لیے درکار وفاقی معاونت کے ہر ڈالر کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھوں گا۔"

اسٹیٹ سینیٹر John W. Mannion نے کہا، "کم خرچ رہائش مضبوط خاندانوں اور ایک مضبوط مرکزی نیو یارک کا بنیادی جزو ہے۔ 17$ ملین کے کیمیلس ہاؤسنگ ترقیاتی منصوبے کی تکمیل کا مطلب ہے 60 نئے یونٹس - جو کہ تمام توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والے ہیں - اب ہماری کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔ میں گورنر Hochul کو ریاست بھر میں کم خرچ رہائش کے انتخابات کو وسعت دینے کے ان کے عزم اور نیو یارک کے تفصیلی رہائشی منصوبے کی معاونت کے لیے ریکارڈ سرمایہ کاریاں کرنے کے لیے مقننہ کے ساتھ کام کرنے پر سراہتا ہوں۔"

اسمبلی ممبر William Magnarelli نے کہا، "کیمیلس ہائٹس گاؤں کے مرکز کے نزدیک کم خرچ، توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والے رہائش کے انتخابات فراہم کر کے ہماری کمیونٹی کی قدر میں صرف اور صرف اضافہ ہی کرتا ہے۔ Christopher Communities اور نیو یارک اسٹیٹ رہنے کے لیے کم خرچ، محفوظ جگہیں بناتے ہوئے معاشی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کی کاوشوں کا ساتھ دے رہے ہیں۔"

کیمیلس ٹاؤن کے سپروائزر John Fatcheric نے کہا، "کیمیلس کے قصبے کو کیمیلس ہائٹس کے کم خرچ اور توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والے مکانات کا اپنی کمیونٹی کے لیے ہر قسم کی دستیاب رہائش میں اضافہ کرنے پر اپنی تفصیلی منصوبہ بندی پر فخر ہے۔ اپارٹمنٹس، کونڈومینیمز اور ٹاؤن ہومز کے ساتھ ساتھ کم خرچ رہائش گاہوں، بزرگ شہریوں کی رہائش گاہوں اور ایک خاندان کی رہائش گاہوں کا توازن اس عزم کا ثبوت ہے کہ یہ قصبہ اپنے تمام رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کا خواہاں ہے۔ متفرق رہائش گاہیں، ایک بے مثل اسکول ڈسٹرکٹ تک رسائی کے ساتھ ساتھ اس قصبے کی فراہم کردہ کئی رہائشی سہولیات، ان وجوہات میں سے فقط چند ایک ہیں کہ کیمیلس رہنے، کام کرنے اور اپنے خاندان کی پرورش کرنے کے لیے ایک شاندار جگہ ہے۔"

Jaime Tuozzolo جو Community Preservation Corporation کے نائب صدر اور مارگیج آفیسر ہیں، نے کہا، "رہائش کے لیے مالی وسائل فراہم کرنے والی ایک بلا منافع کمپنی ہونے کے ناطے، CPC کو کیمیلس ہائٹس جیسے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے پر فخر ہے جو اس علاقے اور کمیونٹی کے رہائش اور ترقی کے منفرد اہداف کو پورا کرنے میں مدد گار ہوتے ہیں۔ ہمیں ایک ایسے منصوبے کا حصہ ہونے پر فخر ہے جو لوگوں کو اکٹھا کرنے، اپنے رہائشیوں کو استحکام فراہم کرنے کے عمل میں تیزی لائے گا؛ اور جو کیمیلس کمیونٹی کے لیے ایک انتہائی اہم کم خرچ ذریعہ ہو گا۔ Christopher Community کا ان کی بصیرت اور اس منصوبے کے لگاؤ کے لیے بہت شکریہ، گورنر Hochul اور HCR کی کمشنر Visnauskas کا، NYSERDA اور ہمارے تمام شراکت داروں اور اسٹیک ہولڈرز کا بھی بہت شکریہ۔"

Justin Rudgick جو Christopher Community, Inc. کے صدر اور CEO ہیں، نے کہا، "ہم کیمیلس ہائٹس میں تعمیر کے $17 ملین کے نئے منصوبے کی تکمیل کے متعلق بہت پرجوش ہیں۔ قصبہ کیمیلس میں کم خرچ رہائش کی یہ کاوش خاندانوں کے لیے 16 دو منزلہ ٹاؤن ہاؤسز میں 60 خوبصورت یونٹس فراہم کرتی ہے۔ ہم ریاست نیو یارک کی گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے ادارے، کمیونٹی پریزرویشن کارپوریشن (Community Preservation Corporation) اور ہر اس فرد کو بہت سراہتے ہیں جنہوں نے رہائش کے مواقع کے اس منصوبے کو عملی جامہ پہنایا۔"

CNY Rising کی رفتار کو تیز کرنا

آج کا اعلان "CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط اقتصادی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی پیدا کرنے کے لیے خطے کے جامع خاکہ ہے۔ علاقے کے اعتبار سے تشکیل دیئے گئے اس منصوبے میں عالمی مارکیٹ کے مواقع میں سرمایہ کاری کرنے، انٹرپرینیور شپ کو مضبوط بنانے اور ایک جامع معیشت قائم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اب، علاقے میں $500 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ شمالی بالائی علاقے کی احیائے نو کے اقدام کے ذریعے CNY رائزنگ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ریاست کی $500 ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو سہولت دے گی تاکہ $2.5 بلین سے خاصی زیادہ سرمایہ کاری کی جائے - اور علاقے کا منصوبہ، جیسے کہ جمع کروایا گیا ہے، 5,900 نئی ملازمتوں تک کا امکان ظاہر کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418